© rasailojaraid.com



# خبرنامہ ادارۂ تحقیق وتصنیفِ اسلامی (۶۵)

☆ مولانا سید جلال الدین عمری، امیر جماعت اسلامی ہند و صدر ادارۂ تحقیق کی تصانیف میں 'تجلیات قرآن' کا شمار ان کی اہم اور مقبول کتابوں میں ہوتا ہے۔ یہ قرآنی موضوعات پر ان کے مقالات کا مجموعہ ہے۔ حال میں اس کا نیا ایڈیشن مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے طبع ہوا ہے۔

☆ مولانا عمری کی کچھ کتابوں کے نئے ایڈیشن منظر عام پر آئے ہیں۔ خاندان کی اصلاح اور اولاد کی تربیت، صفحات: ، قیمت۔/۲۰ روپے، ہم تحریک کے کارکن کیسے بنیں؟ صفحات: ۲۴، قیمت۔/۱۸، اللہ کا دین نوجوانوں سے کیا چاہتا ہے؟ صفحات: ۱۶، قیمت۔/۱۰ روپے۔

☆ مؤرخہ ۲۰/ اگست کو ادارہ کے کانفرنس ہال میں پروفیسر مسعود احمد نے 'ختم نبوت کا قرآنی تصور' کے موضوع پر توسیعی خطبہ دیا۔ پروگرام کی صدارت پروفیسر احتشام احمد ندوی نے فرمائی۔ مسلم یونی ورسٹی کے اساتذہ اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ پروگرام کی نظامت رکن ادارہ مولانا کمال اختر قاسمی نے کی۔

☆ ۱۷/ اگست کو ادارہ کے زیر تربیت اسکالرس کی انجمن 'رائٹرس فورم' کا پروگرام منعقد ہوا، جس میں ادارہ کے سابق اسکالر جناب محمد اعظم قاسمی نے 'عالمی مذاہب میں تصوف کا تصور' کے موضوع پر مقالہ پیش کیا۔ اس میں مسلم یونی ورسٹی کے مختلف شعبوں سے وابستہ ریسرچ اسکالرس نے شرکت کی۔

☆ مؤرخہ ۲۳۔ ۲۴/ ستمبر کو ادارہ کے سابق رکن مرحوم 'مولانا سلطان احمد اصلاحی کی حیات اور علمی وفکری جہات' پر انجمن طلبۂ قدیم، مدرستہ الاصلاح، سرائے میر اعظم گڑھ (شاخ علی گڑھ) کے زیر اہتمام Resedential Coaching Academy کے آڈیٹوریم میں منعقد ہوا۔ صدر ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری نے افتتاحی اجلاس میں کلیدی خطبہ پیش کیا۔ سکریٹری ادارہ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی نے 'مولانا سلطان احمد اصلاحی اور ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی' کے عنوان سے مقالہ پڑھا۔ انھوں نے ایک اجلاس کی صدارت بھی کی۔ ارکانِ ادارہ نے بھی سمینار میں شرکت کی۔ مولانا محمد جرجیس کریمی نے 'مولانا سلطان احمد اصلاحی ایک محقق، ایک مفکر' مولانا کمال اختر قاسمی نے 'اسلام کا تصور مساوات۔ مولانا سلطان احمد اصلاحی کی ایک عظیم کاوش' اور جناب مجتبیٰ فاروق نے 'مولانا سلطان اصلاحی اور سماجی مسائل کا مطالعہ' کے عناوین پر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مقالات پیش کیے۔

☆ صدر ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری کی علی گڑھ آمد کے موقع پر ۲۳؍ستمبر کو ادارہ کے ارکان اور اسکالرس کے ساتھ ان کی نشست ہوئی، جس میں مولانا نے اپنے قیمتی مشوروں اور نصائح سے نوازا۔

☆ HITEC University Taxila پاکستان کی جدید جامعات میں سے ہے۔ ۲۰۰۷ء سے اس میں تعلیم و تحقیق کا آغاز ہوا۔ انجینیر نگ، کمپیوٹر سائنس، ریاضیات اور اسلامک اسٹڈیز کے شعبے قائم ہیں۔ ایم اے اور پی ایچ ڈی کے پروگرام چل رہے ہیں۔ شعبہ اسلامک اسٹڈیز نے تین زبانوں (اردو، عربی، انگریزی) پر مشتمل ایک شش ماہی تحقیقی جرنل HITEC Islamics نکالنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سکریٹری ادارہ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کو اس کی مجلس مشاورت میں شامل کیا گیا ہے۔


## قرآن، اہلِ کتاب اور مسلمان

ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی

قرآنِ کریم میں اہلِ کتاب (یہود و نصاری) کے حالات پر بہت تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ ان پر اللہ تعالیٰ کے انعامات واحسانات، ان کی بداعتقادیوں اور بداعمالیوں کی تفصیلات اور ان کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ کی جانب سے دی جانے والی سزاؤں اور تنبیہوں کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

اہلِ کتاب کے اس مفصل تذکرہ کا مقصد کیا ہے؟ اس میں مسلمانوں کے لیے عبرت ونصیحت کے کون سے پہلو ہیں؟ اور اس سے انہیں کیا رہ نمائی ملتی ہے؟ اس کتاب میں ان موضوعات سے بحث کی گئی ہے۔

کتاب پر مولانا سید جلال الدین عمری کا مبسوط اور دقیق مقدّمہ بھی ہے۔

عمدہ کاغذ، آفسیٹ کی حسین طباعت، دیدہ زیب سرورق، صفحات: ۲۹۶ قیمت =/۷۰ روپے

⌖ ملنے کے پتے ⌖

ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی، پوسٹ بکس نمبر: ۹۳ علی گڑھ ۱

مرکزی مکتبہ اسلامی پبلیشرز، دعوت نگر ابوالفضل انکلیو، نئی دہلی ۲۵




© rasailojaraid.com